## سینئر صحافی اور ممتاز کالم نگار حبیب الرحمٰن کی اہلیہ محترمہ شکیلہ حبیب کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

## ایم کیوایم رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار کی حبیب الرحمٰن سے فون پر تعزیت

## ایم کیوایم پنجاب کے ڈپٹی آرگنائزر ملک زاہد محمود نے مرحومہ کی تدفین میں شرکت کی

لندن ۔۔۔26، دسمبر 2008ء ۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے سینئر صحافی اور ممتاز کالم نگار حبیب الرحمٰن سے ان کی اہلیہ محترمہ شکیلہ حبیب کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے ۔اپنے تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے حبیب الرحمٰن اور انکے تمام اہل خانہ سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے ۔دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار نے حبیب الرحمٰن کو فون کر کے ان سے انکی اہلیہ کے انتقال پر تعزیت کی اور مرحومہ کیلئے دعائے مغفرت کی ۔ایم کیوایم پنجاب کے ڈپٹی آرگنائزر ملک زاہد محمود نے پنڈی میں مرحومہ شکیلہ حبیب کی تدفین میں شرکت کی اور حبیب الرحمٰن اور ان کے صاحبزادے عتیق الرحمٰن سے تعزیت کی ۔

## سکھر میں سجاد پلازہ کے واقعہ میں جاں بحق افراد کی تدفین میں ایم کیوایم کے نمائندوں کی شرکت

سکھر ۔۔۔26، دسمبر 2008ء ۔۔۔سکھر میں سجاد پلازہ کے افسوسناک واقعہ میں جاں بحق ہونے والے افراد کو سپرد خاک کردیا گیا۔مرحومین کے جنازے میں ایم کیوایم سکھر کی زونل کمیٹی کے ارکان، سکھر کے حق پرست تعلقہ ناظم نعیم صدیقی، نائب تعلقہ ناظم رضوان صدیقی، حق پرست یوسی ناظمین، ایم کیوایم کے مقامی ذمہ داران اور کارکنان سمیت لوگوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی ۔قبل ازیں ایم کیوایم کے نمائندوں نے جاں بحق ہونے والے افراد کے سوگوار لواحق سے ملاقات کی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا۔علاوہ ازیں ایم کیوایم کے سکھر کے ذمہ داران اور منتخب نمائندوں نے سول اسپتال سکھر کا دورہ کر کے زخمیوں کی عیادت کی ۔انہوں نے زخمیوں کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا کی ۔

## ایم کیوایم شعبہ خواتین نارتھ ناظم آباد سیکٹر کی کارکن محترمہ شہناز رحمانی انتقال کر گئیں، مقامی قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا

## ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین، رابطہ کمیٹی اور شعبہ خواتین کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔26، دسمبر 2008ء ۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ شعبہ خواتین نارتھ ناظم آباد سیکٹر یونٹ 173 کی کارکن محترمہ شہناز رحمانی علالت کے باعث انتقال کر گئیں ۔مرحومہ کے سوگواران میں شوہر، تین بیٹے اور چار بیٹیاں شامل ہیں ۔مرحومہ کو گزشتہ روز مقامی قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا ۔مرحومہ کے جنازے میں حق پرست رکن قومی اسمبلی فرحت خان، نارتھ ناظم آباد کے حق پرست ٹاؤن ناظم ممتاز حمید، نائب ناظم احسن اللہ خان، یوسی ناظمین، کونسلرز، ایم کیوایم نارتھ ناظم آباد سیکٹر کمیٹی کے اراکین، یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان اور ہمدردوں نے شرکت کی ۔ایم کیوایم شعبہ خواتین کی انچارج وحق پرست رکن قومی اسمبلی محترمہ کشور زہرہ اور شعبہ خواتین کی دیگر ذمہ داران وکارکنان نے مرحومہ کی رہائشگاہ جاکر اہل خانہ سے تعزیت کی اور مرحومہ کی روح کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی ۔دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے محترمہ شہناز رحمانی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے ۔اپنے تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپکے غم میں برابر کے شریک ہیں ۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے ۔علاوہ ازیں متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی اور شعبہ خواتین کی ارکان نے بھی محترمہ شہناز رحمانی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے ۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے ۔( آمین )

## سیاسی و مذہبی جماعتیں قومی سلامتی و بقاء کیلئے اتحاد و یکجہتی کا مظاہرہ کریں، شعیب بخاری

## ایم کیوایم کورنگی سیکٹر اور یونٹ کمیٹیوں کی تنظیم نو کے سلسلے میں منعقدہ اجلاس سے خطاب

کراچی ۔۔۔26، دسمبر 2008ء ۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن شعیب بخاری ایڈوکیٹ نے کہا ہے کہ ملک کی نازک صورتحال کا تقاضہ ہے کہ تمام سیاسی و مذہبی

جماعتیں اپنے سیاسی اختلافات بالائے طاق رکھ کر قومی سلامتی وبقاء کیلئے اتحاد ویکجہتی کا مظاہرہ کریں۔ یہ بات انہوں نے گزشتہ روز ایم کیوایم کورنگی سیکٹر کی تنظیم نو کے سلسلے میں منعقدہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ اجلاس میں ایم کیوایم کراچی تنظیمی کمیٹی کے اراکین بھی موجود تھے۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے شعیب بخاری نے کہا کہ ایم کیوایم ایک تحریک ہے اور تحریکوں میں تنظیم نو کا عمل جاری رہتا ہے تاکہ تحریک کے تمام کارکنان کو ان کی صلاحیتیں آزمانے کا موقع مل سکے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں جمہوریت کے فروغ کیلئے قائد تحریک جناب الطاف حسین کا کردار فراموش نہیں کیا جاسکتا اور جناب الطاف حسین واحد رہنماء ہیں جو ملک کی موجودہ نازک صورتحال میں دانشمندانہ اور مدابرانہ کردار ادا کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وقت کا تقاضا ہے کہ ملک کی تمام سیاسی ومذہبی جماعتیں اپنے سیاسی اختلافات بالائے طاق رکھ کر قومی سلامتی وبقاء کیلئے اتحاد ویکجہتی کا مظاہرہ کریں۔ شعیب بخاری ایڈوکیٹ نے کارکنان پر زور دیا کہ وہ حالات پر کڑی نظر رکھیں اور تنظیمی لٹریچر کا بغور مطالعہ کریں۔

## ایم کیوایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے رکن کے والد اور ٹنڈوالہ یار زون کے کارکنان کی والدہ کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔26، دسمبر 2008ء۔۔۔ متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے سابق رکن ہمایوں زیدی مرحوم کے والد میر واعظ علی زیدی، ایم کیوایم ٹنڈوالہ یار زون یونٹ 18/A کے جوائنٹ یونٹ انچارج محمد مشتاق کی والدہ محترمہ خاتون بیگم اور ایم کیوایم ٹنڈوالہ یار زون یونٹ 18/B کے کارکن عبدالوحید شاہ کی والدہ محترمہ رحمانی بیگم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)۔ دریں اثناء میر واعظ علی زیدی مرحوم کو وادی حسین کے قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔ مرحوم کی نماز جنازہ انچولی امام بارگاہ میں ادا کی گئی۔ جنازے میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن اشفاق منگی، حق پرست سینیٹر ڈاکٹر محمد علی بروہی، حق پرست رکن قومی اسمبلی آصف حسنین، ایم کیوایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے اراکین، فیڈرل بی ایریا اور لانڈھی سیکٹرز کمیٹیوں کے اراکین، مقامی ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور مرحوم کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

☆☆☆☆☆